نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت لاہور میں کپاس کے ایکشن پلان 2023 پر عملدرآمد کی حکمت عملی کو حتمی شکل دینے کے لئے اجلاس کا انعقاد

لاہور: 28 اپریل 2023 (   ) امسال صوبہ پنجاب میں کپاس کی بوائی کا ہدف 50 لاکھ ایکڑ جبکہ پیداواری ہدف 82 لاکھ 26 ہزار گانٹھ مقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کے لئے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ سب سے زیادہ کپاس اس سال بہاولپور ڈویژن میں 23 لاکھ 14 ہزار ایکڑ رقبے پر کاشت کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے سول سیکرٹریٹ لاہور میں کپاس کے ایکشن پلان 2023 پر عملدرآمد کی حکمت عملی کو حتمی شکل دینے کیلئے منعقدہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبہ پنجاب میں کپاس کی کاشت کے لئے 50 ہزار ٹن منظور شدہ اقسام کے بیج کی ضرورت ہے۔ اب تک کپاس کی 5 لاکھ 82 ہزار ایکڑ پر اگیتی کاشت مکمل کی جا چکی ہے جن میں سے منظور شدہ اقسام "سی کے سی-3 "21% اور "سی کے سی-06" 11.7% رقبے پر کاشت ہوئی ہیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر فیڈرل سیڈ سرٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے بتایا کہ کپاس کی منظور شدہ اقسام کا بیج 20 ہزار ٹن موجود ہے جس کا اسٹاک صوبہ پنجاب میں 60 ہزار 8 سو رجسٹرڈ سیڈ ڈیلرز کے پاس موجود ہے اور ان کے ذریعے تصدیق شدہ بیج کی کاشتکاروں کو فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کپاس کے سیزن میں جعلی زرعی ادویات کے خلاف موثر مہم کے آغاز کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم کے ذریعے معیاری زرعی مداخل کی کاشتکاروں کو دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ اس کے علاوہ کپاس کی منظور شدہ اقسام کے بیج پر کاشتکاروں کو سبسڈی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے محکمہ کے شعبوں کو کپاس کی مہم سے متعلق واضح ٹارگٹ دیتے ہوئے زرعی توسیعی اسٹاف کو خصوصی ذمہ داریاں تفویض کر دیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر مقامی انتظامیہ بھی کپاس کے ایکشن پلان کی مانیٹرنگ کرے گی تاکہ امسال زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کپاس کاشت کی جائے اور اس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ سے کاشتکاروں کی آمدن میں اضافہ اور ملکی معیشت کو مستحکم کیا جا سکے۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) رانا فقیر احمد، مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن شان الحق، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر اور ڈائریکٹر